سوال

صلوۃ التسبیح کی روایت کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

صلوۃ التسبیح کی روایات کے بارے میں البانی نے بہت لمبی چوڑی بحث کی ہے اور بہت مشکل سے ''حسن'' کے درجہ میں لائے ہیں۔ جب کہ آپ نے ''ہدیۃ المسلمین' کتاب (ص71) میں بغیر کسی تفصیل کے صحیح قرار دیا ہے، تفصیل چاہیے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

صلوۃ التسبیح کے سلسلے میں درج ذیل احادیث بلحاظ سند مضبوط ہیں :

1) حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ یہ روایت سنن ابی داوٗد (1297) اور ابن ماجہ (1387) میں موجود ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

اور اسے ابو بکر الاجری وغیرہ نے صحیح کہا ہے۔ (الترغیب والترہب 4671/1)

حکم بن ابان کی حدیث حسن کے درجے سے نہیں گرتی۔ تفصیلی بحث کے لیے دیکھئے الترشیخ لبیان صلوۃ التسبیح (ص28-33 مع التخریج) اور کتب الرجال

2) حدیث الانصاری رضی اللہ عنہ

یہ روایت سنن ابی داود(1299) میں موجود ہے، اس کی سند انصاری تک صحیح ہے اور انصاری سے مراد جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ عنہ ہیں۔

دیکھئے تہذیب الکمال (1666/3) ذالفتوحات الربانیہ (4/314 وحاشیہ الترشیخ ص49)

3) حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

یہ روایت سنن ابی داود(1298) میں ہے۔ عمران بن مسلم نے عمرو بن مالک کی متابعت کر رکھی ہے۔ (النکت الظراف 6/281)

حسن لذاتہ روایت کے اگر شواہد ہوں تو وہ صحیح لغیرہ بن جاتی ہے لہذا نماز تسبیح والی روایت صحیح ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص431

محدث فتویٰ